Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

{مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۳۰ شعبان سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۴ء} جلد ۴۶

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱) انتظام سلسلہ روانگی (بمقام لکھنؤ) اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	۲
(۲) عطائے رقم (مبلغ پچاس روپیہ ماہوار) برائے امداد "پبلک لائبریری رامپور"۔	۳
(۳) منظوری رخصت محمد علی خاں۔ منصرم اے بلاک، خاصباغ	″
(۴) منظوری رخصت صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ۔	″
(۵) تقرر منشی سید امداد علی بعہدہ "ہیڈ اسسٹنٹ" اجلاس ہمایوں۔	۳

(مطبع اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار:- واقع ۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

انشاء اللہ تعالیٰ ما بدولت واقبال ۴ر دسمبر ۱۹۳۲ء کی صبح کو تشریف فرمائے لکھنؤ ہوں گے۔ بتاریخ مذکور کی شب میں مراجعت ہوگی۔

صاحب چیف منسٹر بہادر و صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر آج شب کو لکھنؤ ہونگے اور صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس و صاحب ملٹری سکریٹری بہادر ہمرکاب جائیں گے

بزمانہ غیر موجودگی ما بدولت واقبال حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) صاحب ریونیو منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ اجلاس ہمایوں کے وہ کاغذات جنہیں کوئی خاص اہمیت نہ ہو "بائی آرڈر" لکھکر اپنے دستخط سے جاری کریں۔

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام علاوہ اپنے کام کے صاحب ریونیو منسٹر بہادر و صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر اور صاحب منسٹر بہادر انچارج سررشتہ تعلیم و پولیس کا کام علاوہ اپنے کام کے صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کا کام علاوہ اپنے کام کے سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی انجام دیں گے۔

(۳) صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر شبانہ روز قلعہ میں رہیں گے اور جملہ امور متعلقہ محلات کا انتظام صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے سپرد رہے گا۔

(۴) ہماری غیر موجودگی میں اگر کوئی خاص واقعہ پیش آئے تو جملہ منسٹر صاحبان بہادر موجودہ رامپور باہم مشورہ کر کے طے کریں۔ جو امر بعد مشورہ طے ہو اس کی تعمیل حکم ما بدولت واقبال کے متصور ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بشائع حسب حکم ہمایوں سررشتہ صدر
احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور

۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

حکم :- تاریخ ۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

بموجب رپورٹ مبلغ پچاس روپیہ ماہوار کی
امداد پبلک لائبریری رامپور کو بحساب انعام وعنایات سے
دلائیجانا پرورشاً منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی
صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہوں۔

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض — مدعا

جناب عالی!

علم دوست رعایائے رامپور نے حال میں ایک کتبخانہ
رامپور کے روشن طبائع لوگوں کے لئے قائم کیا ہے۔
اس کتب خانہ کی کوئی مستقل آمدنی نہیں ہے۔ اور
چونکہ اس کا زمانہ طفولیت ہے۔ اس وجہ سے شاہی پرورش
کے بغیر اس کی زندگی قائم نہیں رہ سکتی۔

ممبران کتب خانہ نے استدعا پیش کی ہے۔ جو
بذریعہ عرضداشت ابلاغ حضور انور ہے

ترقیم استدعا ہے کہ ازراہ پرورش وعلم نوازی
پچاس روپیہ ماہوار کتبخانہ کی امداد کے لئے بحساب انعام
وعنایات سے مقرر فرما دیئے جائیں۔ زیادہ حد ادب

دولت واقبال بر ترقی باد۔

عرض

مرقومہ دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

بجنسہ حکم ہمایوں سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ
جاری ہوں

۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء — دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- تاریخ ۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

مرقومہ عرضداشت فارصاحب چیف منسٹر بہادر
مع تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر
باستدعائے منظوری رخصت زیر رعایتی دو ماہ
بصورت خاص محمد علی خان منصرم
اے بلاک خاصباغ از ۵ر نومبر ۱۹۳۲ء
تا ۴ر جنوری ۱۹۳۳ء بسلسلہ سابقہ بوجہ
بقائے علالت نامبردہ۔

حکم

بموجب رپورٹ محمد علیخان منصرم اے بلاک کی مزید
رخصت دو ماہ رعایتی بصورت خاص بوجہ بقائے
علالت منظور ہے۔ کاغذات برائے اجرائے
احکام ضابطہ از سرشتہ صدر صاحب چیف منسٹر
بہادر کے پاس مرسلہوں۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

بجنسہ حکم ہمایوں سرشتہ صدر سے احکام
ضابطہ جاری ہوں۔ ۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- تاریخ ۲ر دسمبر ۱۹۳۲ء

مرقومہ عرضداشت فارصاحب چیف منسٹر بہادر
مع تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر۔
باستدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ ایام
مطلوبہ صاحب گنز ورہ بہادر ہاؤس ہولڈ
از یوم استفادہ تا غرض روانگی وطن خود

ہیں صراحت کہ اون کا کام سرشتہ دار صاحب بہادر
ڈیوڑھی اپنے کام کے علاوہ انجام دیں گے

حکم

بموجب رپورٹ صاحب کمشنر بہادر ہاؤس ہولڈ
کی رخصت اتفاقیہ پانچ یوم از یوم استفادہ منظور ہے۔
ایام رخصت میں اون کا کام سرشتہ دار صاحب بہادر
ڈیوڑھی اپنے کام کے علاوہ انجام دیں۔ کاغذات
برائے اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس
مرسل ہوں

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

بتعمیل حکم سرشتہ ھذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۳ دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- ۵ دسمبر ۱۹۳۳ء

بموجب رپورٹ منشی سید امداد علی کا تقرر بعہدہ
ہیڈ اسسٹنٹ اجلاس ہمایوں بشاہرہ مبلغ پچاس روپے
عطائے حقوق عہدہ ہیڈ اسسٹنٹ منظور ہے۔
کاغذ برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ
از سرشتہ ھذا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت شاہ کی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض — بہ رسالہ

جناب عالی!

پیشگاہ ہمایوں سے منشی سید امداد علی سابق ڈپٹی سکریٹری
اجلاس ہمایوں کا عہدہ مرحمت ہو کر عطائے ملازمت کی
اجازت صادر فرمائی جاچکی ہے اور ایمائے
ہمایوں ہے کہ اون کو اجلاس ہمایوں میں بشاہرہ
پچاس روپیہ ماہوار ہیڈ اسسٹنٹ مقرر کردیا جائے
عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔
تنخواہ متدعی ہے کہ پیشگاہ عالی سے حکم منظوری
تقرر وعطائے حقوق عہدہ ہیڈ اسسٹنٹی صادر
نفاذ پائے زیادہ حد ادب

آفتاب دولت واقبال تاباں باد

تنخواہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۹ دسمبر

بتعمیل حکم ہمایوں سرشتہ ھذا سے احکام ضابطہ
جاری ہوں۔

۶ دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر